# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 22 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 22/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::سرخیاں:::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆اسمبلی کے سرمائی اجلاس کا اختتام۔اجلاس کی کامیابی کا حکومت کا دعویٰ۔

☆ گذشتہ دو برسوں میں مراٹھواڑہ کے 7 آبی منصوبے مکمل کر کے 38 ملین کیوبک میٹر پانی کا کیا گیا انتظام' وزیراعلیٰ کا بیان۔

☆ ریاستی کابینہ کے قلمدانوں کا اعلان' داخلہ اور توانائی کی وزارت وزیراعلیٰ کے پاس' اجیت پوار وزیرخزانہ جبکہ ایکناتھ شندے شہری ترقی اور مکانوں کی تعمیرات کے وزیر۔

☆ مساجوگ قتل معاملے میں مرکزی کردار ادا کرنے والے پر کی جائے گی کاروائی' نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کا تیقن۔

اور☆ تلجاپور کا پہلا ریاست گیر اور ہرکنی ایوارڈ کے لئے سماجی کارکن ممتا سندھوتائی سپکاڑ کے نام کا اعلان۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

اسمبلی کا سرمائی اجلاس کل اختتام پذیر ہوا۔آئندہ کا بجٹ اجلاس 3 مارچ سے ممبئی میں ہوگا۔اجلاس کے دوران اسمبلی میں 13 بلوں کو منظوری دی گئی۔جبکہ 15 کو بحال کیا گیا۔اسی طرح قانون ساز کونسل میں 4 بلز منظور کئے گئے اور 4 کو بحال کیا گیا۔ساتھ ہی 4 بلز سفارش کے بغیر اسمبلی کو واپس کر دیئے گئے اور ایک بل مشترکہ کمیٹی کو بھیجا گیا۔

اسی دوران نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ سرمائی اجلاس کامیاب رہا ہے۔وہ کل ناگپور میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے بتایا کہ اگرچہ اجلاس کا دورانیہ مختصر تھا لیکن طے شدہ کام مکمل ہوگئے۔

***** **** *****

ریاستی کانگریس کمیٹی کے صدر نانا پٹولے اور قانون ساز کونسل میں حزب اختلاف کے رہنما امباداس دانوے نے الزام عائد کیا کہ اجلاس سے عوام کی توقعات پوری نہیں ہوئی۔انہوں نے کل ناگپور میں ایک صحافتی کانفرنس کے دوران ی بات کہی۔ پٹولے نے کہا کہ ودربھ اور مراٹھواڑہ کی عوام کو انصاف دلانے کے لئے سرمائی اجلاس میں بحث ہونے کی امید تھی۔تاہم ایسا نہیں ہوا۔وہیں امباداس دانوے نے تنقید کی کہ حکومت نے کسانوں،مزدوروں اور صنعتوں کے لئے کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل حزب اختلاف کی جانب سے پیش کی گئی آخری ہفتہ تجویز کا جواب دیا۔انہوں نے بتایا کہ گذشتہ دو برسوں میں مراٹھاڑہ کے 7 آبی منصوبوں کو مکمل کر کے 38 ملین کیوبک میٹر پانی کا انتظام کیا گیا۔وزیراعلیٰ نے بتایا کہ مراٹھواڑہ میں 11 آبپاشی کے منصوبوں کو منظوری دی گئی ہے۔ساتھ ہی کرشنا مراٹھواڑہ آبپاشی اسکیم کے لئے فنڈ فراہم کیا گیا ہے۔انہوں نے مغربی چینل کی ندیوں کے پانی کو گوداوری کی جانب موڑنے سے متعلق کام کا جائزہ پیش کیا اور بتایا کہ مراٹھواڑہ واٹر گریڈ منصوبے کو نئے سرے سے مرکزی حکومت کو بھیجا گیا ہے۔وزیراعلیٰ نے اس منصوبے کو مکمل کرنے کا تیقن دلایا۔

***** ***** *****

صنعتی شعبے کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے بتایا کہ گذشتہ ڈھائی برسوں میں مراٹھواڑہ میں 34 بڑے پروجیکٹس سامنے آئے ہیں۔جن میں 72 ہزار 839 کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری کی گئی ہے جس سے کم وبیش دیڑھ لاکھ براہ راست اور بالواسطہ روزگار پیدا ہوا ہے ۔انہوں نے بتایا کہ وندے بھارت ریلوے کے ڈبے لاتور میں تیار کئے جائیں گے۔پھڑنویس نے کہا کہ کرناٹک سے اوور یک سٹی آئے ٹویوٹا کرلوسکر صنعتی منصوبے کے سبب 13 ہزار افراد کو براہ راست روزگار ملا ہے۔

وزیراعلیٰ نے بتایا کہ مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر اور جالنہ شہر مہاراشٹر کے نئے صنعتی مقناطیس بن گئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ شیندرہ بڑکن MIDC کا ڈیمانڈ اتنا بڑھ گیا ہے کہ اب وہاں صنعتی علاقے کا سیدھا راستہ بندرگاہوں کی طرف ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جالنہ میں ڈرائے فروٹس کی صنعت کے سبب جو Echo System تیار ہوا ہے۔اس سے مراٹھواڑہ کی ترقی کے لئے ایک بڑا دالان تیار ہوگا۔

اسی بیچ نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے یقین دلایا ہے کہ مہایوتی حکومت مہاراشٹر کی ترقی اور خوش حالی کی خاطر 24 گھنٹے کام کرے گی ۔نائب وزیراعلیٰ کل قانون ساز کونسل میں سیکشن 259 اور 260 کے تحت بحث کا جواب دے رہے تھے۔انہوں نے تیقن دیا کہ ودربھ اور مراٹھواڑہ میں صنعتی ترقی اور آبپاشی پر زور دیا جائے گا۔شندے نے یہ بھی بتایا کہ ریاست میں سویابین کی خریدی آئندہ 12 جنوری تک جاری رہے گی۔انہوں نے کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو خریدی کی مدت میں مزید توسیع کی جائے گی۔شندے نے بتایا کہ ریاست میں کپاس کی خریدی کے مراکز اب تک 38 لاکھ 10 ہزار کوئنٹل کپاس خرید چکے ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی کابینہ کے قلمدانوں کی تقسیم کا کل اعلان کیا گیا۔وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے داخلہ اور توانائی کے محکمے اپنے پاس رکھے ہیں۔ نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کو خزانہ اور آب کاری کا محکمہ دیا گیا ہے۔وہیں نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کو شہری ترقی، تعمیرات اور پبلک انٹر پرائزیس کا قلمدان دیا گیا ہے۔محکمہ آبی وسائل کی ذمہ داری رادھا کرشن وکھے پاٹل اور گریش مہاجن کے درمیان تقسیم کی گئی ہے۔محصول کا محکمہ چندر شیکھر باون کڑے، طبی تعلیم حسن مشرف، اعلیٰ اور تکنیکی تعلیم کا محکمہ چندر کانت پاٹل، صفائی اور آبرسانی کا قلمدان گلاب راؤ پاٹل، خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزارت ادیتی تٹکرے جبکہ زراعت کا محکمہ مانک راؤ کوکاٹے کو سونپا گیا ہے۔اسی طرح صحت عامہ اور خاندانی بہبود کا قلمدان پرکاش آبٹکر، دیہی ترقی جے کمار گورے اور اسکولی تعیم کا محکمہ دادا بھسے کو دیا گیا ہے۔مٹی اور پانی کے تحفظ کی وزارت سنجے راٹھوڑ کو جبکہ صنعت اور مراٹھی زبان کے فروغ کی ذمہ داری ادے سامنت کو دی گئی ہے۔کان کنی اور سیاحت کا قلمدان شمبھوراج دیسائی کو جبکہ بندرگاہیں اور مچھلیوں کی افزائش کی وزارت نتیش رانے کو دی گئی ہے۔

وہیں دتہ بھرنے کوکھیل اوراوقاف کاوزیر بنایا گیاہے۔فروغ ہنرمندی روزگاراور Enterpreneurship کامحکمہ منگل پر بھات لوڑھا کے حوالے کیا گیاہے۔مارکیٹنگ کاقلمدان جے کماررراول کوجبکہ قبائلی ترقی کی وزارت اشوک اوٹیکے کودی گئی ہے۔شیویندرسنگھ راجے بھوسلے کو تعمیرات عامہ کامحکمہ دیا گیاہے۔اسی طرح آشیش شیلارثقافت اوراطلاعات وٹیکنالوجی کے وزیر بنائے گئے ہیں۔

وہیں پنکجہ منڈے کوماحولیات اورمویشیوں کی افزائش کامحکمہ جبکہ دھننجے منڈے اناج،شہری فراہمی اورصارفین کے تحفظ کے وزیر بنائے گئے ہیں۔اتول ساوے کوبہوجنوں کی ترقی،نئی توانائی اوردودھ کی ترقی کی وزارت سونپی گئی ہے۔ سنجے شرساٹھ کوسماجی انصاف کامحکمہ جبکہ بابا صاحب پاٹل کوامداد باہمی قلمدان دیا گیاہے۔میگھنابورڈیکرخواتین واطفال کی بہبود،صحت،خاندانی بہبود،توانائی جیسےمحکموں کی وزیرمملکت بنائی گئی ہیں۔

***** ***** *****

نائب وزیراعلیٰ اجیت پوارنے یقین دلایاہے کہ متساجوک قتل معاملے کےمرکزی کردارکوچھوڑانہیں جائے گا۔اجیت پوارنےکل متساجوگ میں مقتول سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔انہوں نے کہا کہ اس معاملے میں قصورواروں کوسزائےموت دی جائے گی۔

وہیں این سی پی شردپوارگروپ کے صدرشردپوارنے بھی کل متساجوگ میں دیشمکھ خاندان کوتسلی دی۔انہوں نے کل پربھنی میں ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کےمجسمے پرحاضری دی اورمتاثرہ علاقے کادورہ کیا۔شردپوارنے سومناتھ سوریہ ونشی اورری پبلکن سینا کے قائدوجے واکوڑے کے اہل خانہ سے ملاقات کی اورانہیں تسلی دی۔ان دونوں حضرات پربھنی تشدد کے دوران اپنی جان گنوائی ہے۔

***** ***** *****

سماجی کارکن ممتاسندھوتائی سپکاڑکوریاستی سطح کاپہلا ہیرکنی ایوارڈ دیئے جانے کااعلان کیا گیاہے۔تلجاپورمیں ہیرکنی ایوارڈ آرگنائزنگ کمیٹی نےکل یہ اطلاع دی۔یہ ایوارڈ آئندہ 22 جنوری کوتلجاپورمیں ممتاسپکاڑ کی عزت افزائی کےساتھ پیش کیاجائے گا۔

***** ***** *****

انڈین انفارمیشن سروس کےافسرسنتوش اجمیراکوانتخابات کے دوران عوامی شرکت میں اضافے کے لئے ان کی دی گئی خدمات کے پیش نظرانٹرنیشنل الیکشن ایوارڈ2024 سےنوازاگیاہے۔ایوارڈ دیئے جانے کی تقریب حال ہی میں ڈومیکین ری پبلک نامی ملک میں منعقدہوئی۔

***** ***** *****

خواتین کےانڈر19 ٹی ٹوئنٹی ایشیاء کپ کرکٹ مقابلوں کافائنل میچ بھارت اوربنگلہ دیش کے درمیان شروع ہوگیاہے۔بنگلہ دیش کی ٹیم نےٹاس جیت کرپہلے فیلڈنگ کافیصلہ کیاہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ کی بلولی پنچایت سمیتی نے آئی ایس اوسرٹیفکیشن حاصل کیاہے۔ناندیڑ،لوہا،مدکھیڑاوردیگلور کے بعد بلولی آئی ایس اودرجہ بندی حاصل کرنے والی پانچویں پنچایت سمیتی بن گئی ہے۔ضلع پریشدکی سی ای اومینل کرنوال نےکل بلولی پنچایت سمیتی کوآئی ایس اودرجہ بندی کاصداقت نامہ پیش کیا۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی کے سرمائی اجلاس کا اختتام ۔ اجلاس کی کامیابی کا حکومت کا دعویٰ ۔

☆ گذشتہ دو برسوں میں مراٹھواڑہ کے 7 آبی منصوبے مکمل کر کے 38 ملین کیوبک میٹر پانی کا کیا گیا انتظام' وزیراعلیٰ کا بیان ۔

☆ ریاستی کابینہ کے قلمدانوں کا اعلان' داخلہ اور توانائی کی وزارت وزیراعلیٰ کے پاس' اجیت پوار وزیر خزانہ جبکہ ایکناتھ شندے شہری ترقی اور مکانوں کی تعمیرات کے وزیر ۔

☆ مَسّاجوگ قتل معاملے میں مرکزی کردار ادا کرنے والے پر کی جائے گی کارروائی' نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کا تیقن ۔

اور ☆ تلجاپور کا پہلا ریاست گیر اور ہرکنی ایوارڈ کے لئے سماجی کارکن ممتا سندھوتائی سپکاڑ کے نام کا اعلان ۔

***** **** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں ۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔**

***** **** *****